© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**اردو ترجمہ قرآن حکیم** مرتبہ: سید شبیر احمد۔ ناشر: قرآن آسان تحریک۔ ۱۳/اے/۲۔ ایجوکیشن ٹاؤن، وحدت روڈ، لاہور-۱۸۔ صفحات: ۱۰۸۰ (بڑی تقطیع)۔ ہدیہ: ۳۰۰ روپے۔

سید شبیر احمد صاحب نے کئی برس پہلے، ترجمہ قرآن پاک کے ایک سلسلے کا آغاز کیا تھا، (دیکھیے: ترجمان القرآن، جنوری ۱۹۹۳ء)۔ انھوں نے اردو کے چار معروف تراجم قرآن (شاہ رفیع الدین، مولانا محمود حسن، مولانا فتح محمد جالندھری، مولانا مودودی) کو اپنی ترجمے کی بنیاد بنایا اور ان میں سے سادہ، آسان اور عام فہم الفاظ پر مشتمل عبارات کا انتخاب کر کے یہ ترجمہ مرتب کیا ہے، جس میں الفاظ کی ترتیب وہی ہے، جو قرآن مجید میں عربی الفاظ کی ہے، اس طرح قاری کو بغیر کسی دقت کے، معلوم ہو جاتا ہے کہ عربی کے کس لفظ کے معنی اردو میں کیا ہیں۔

متن اور ترجمے میں، مختلف الفاظ کے معانی کے تعین کے لیے، عربی متن اور اردو ترجمے کو دو مختلف رنگوں یعنی نیلے اور سرخ رنگ میں اس طرح چھاپا گیا ہے کہ عربی متن میں جو لفظ نیلے رنگ میں ہے، اس کا ترجمہ بھی نیلے رنگ میں اور جو لفظ سرخ رنگ میں ہے، اس کا ترجمہ بھی سرخ رنگ میں ہے۔ یوں قاری کے لیے الفاظ کے معنی جان لینا بہت آسان ہو گیا ہے۔ حسب ضرورت قوسین سے بھی کام لیا گیا ہے۔ سید شبیر احمد صاحب کے جدت پسند ذہن نے ترجمہ قرآن کی ایک حقیقی ضرورت پوری کرنے کا جو نیا طریقہ اختیار کیا ہے، وہ اپنی جگہ بہت مفید ہے۔ امید واثق ہے کہ فہم قرآن کے خواہش مند قارئین کے لیے یہ طریقہ بہت سود مند ثابت ہو گا۔

قبل ازیں اس کے مختلف اجزا شائع ہوتے رہے ہیں۔ اب ترجمہ مکمل ہونے پر اسے ایک جلد میں چھاپا گیا ہے۔ (الگ الگ پاروں کی شکل میں بھی دستیاب ہے)۔ فاضل مترجم نے افراد امت کو بھی دعوت دی ہے کہ وہ "قرآن آسان تحریک" میں شامل ہو کر اس کار خیر میں تعاون کریں۔ طباعت و اشاعت معیاری ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**تعلیم و تدریس، مباحث و مسائل،** ڈاکٹر مشتاق الرحمن صدیقی۔ ناشر: پاکستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن، گرین پلازا، جی ۹ مرکز، اسلام آباد۔ صفحات: ۲۱۸۔ قیمت: مجلد ۲۵۰ روپے۔

© rasailojaraid.com